**24.07.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد
**Music**

.............................................................................

- ☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں مرکزی بجٹ 25-2024 پر بحث کی گئی۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ NEET-UG کو ختم کرنے اور ریاست وار اینٹرینس امتحانات کو بحال کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے۔
- ☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنَو نے کہا ہے کہ 2 لاکھ 62 ہزار کروڑ روپے کے مجموعی ریلوے بجٹ میں سے، ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم، ریلوے تحفظ کے لیے مختص کی گئی ہے۔
- ☆ بہار اسمبلی نے، سرکاری مقابلہ جاتی امتحانات میں پیپر لِیک کے معاملات اور بے ضابطگیوں کو ختم کرنے کے لیے ایک بل کو منظوری دی ہے۔
- ☆ IMD نے، اگلے 2 دنوں کے دوران گجرات، کونکن، گوا اور مدھیہ پردیش میں بہت زیادہ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور خواتین کی ایشیا کپ کرکٹ میں، بنگلہ دیش، ملیشیا کو 114 رنز سے شکست دے کر سیمی فائنلز میں پہنچ گیا ہے۔ میزبان سری لنکا اور تھائی لینڈ کے درمیان میچ جاری ہے۔

.............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

## LS Budget Discussion

لوک سبھا میں مرکزی بجٹ 25-2024 پر بحث ہوئی۔ اِس کے ساتھ ایوان میں مرکز کے زیر انتظام علاقے، جموں کشمیر کے بجٹ پر بھی بحث ہوئی۔ بحث کی شروعات کرتے ہوئے کانگریس کی کماری شیلجا نے یہ کہتے ہوئے بے روزگاری کا معاملہ اٹھایا کہ یہ ملک میں دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے۔ انھوں نے سوال اٹھایا کہ سرکار، مرکزی سرکاری محکموں میں خالی اسامیوں کو کیوں پُر نہیں کر رہی ہے۔ کانگریس لیڈر نے ہریانہ میں بھی بے روزگاری کا معالہ اٹھایا۔ انھوں نے اگنی ویر اسکیم پر سرکار کی نکتہ چینی کی اور اِسے واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ سرکار نے بجٹ میں کسانوں اور مزدوروں کو نظر انداز کیا ہے۔ محترمہ شیلجا نے مطالبہ کیا کہ سرکار کو کسانوں کیلئے MSP پر قانونی گارنٹی دینی چاہیے اور مزدوروں کیلئے کم سے کم 400 روپے روزانہ کی مزدوری متعین کرنی چاہیے۔

بحث میں شرکت کرتے ہوئے BJP کے Biplab کمار دیو نے کہا کہ 2014 میں جب بی جے پی اقتدار میں آئی، بھارت کی صورتحال نازک تھی۔ انھوں نے کہا کہ نریندر مودی سرکار نے اقتصادی نظام کو شفاف بنایا ہے۔ جناب دیو نے کہا کہ اقتصادی سروے نے 25-2024 میں بھارت کی GDP کی حقیقی شرح نمو ساڑے چھ فیصد سے 7 فیصد کے درمیان رکھا ہے۔ انھوں نے مرکزی بجٹ کو مرکوز بجٹ قرار دیا۔ جناب دیو نے کہا کہ بجٹ میں 24-2023 کے مقابلے 18 فیصد سے زیادہ سرمایہ جاتی اخراجات ہے، جس کا مطلب ہے کہ بنیادی ڈھانچے اور روزگار پر زیادہ توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ انھوں نے مالی اور سماجی شعبوں میں نریندر مودی سرکار کے ذریعے اٹھائے گئے کچھ اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ بحث جاری ہے۔ x

## RS - Budget Discussion

آج راجیہ سبھا میں، مرکزی بجٹ 2025-2024 پر بحث ہوئی۔ اسی کے ساتھ ساتھ ایوان میں مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کے لیے 25-2024 کے بجٹ پر بھی بحث کی گئی۔ بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ پی چدمبرم نے بے روزگاری اور افراطِ زر کے معاملات اُٹھائے۔ انہوں نے یہ کہتے ہوئے کہ پیداوار سے منسلک ترغیباتی اسکیم سے ملک میں روزگار کے مناسب مواقع وضع نہیں ہوئے ہیں، کہا کہ بے روزگاری سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ انہوں نے مرکزی بجٹ میں روزگار سے منسلک ترغیباتی اسکیم کا اعلان کرنے پر سوال اُٹھایا۔ جناب چدمبرم نے کہا کہ افراطِ زر کی شرح اصل اعداد و شمار سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ تقریر کے دوران اس معاملے پر زیادہ بات نہیں کی۔ انہوں نے اگنی پتھ اسکیم کو منسوخ کرنے اور NEET امتحانات کو ختم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔ BJP کے ڈاکٹر رادھن موہن داس اگروال نے، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پچھلے 10 سالوں کے دوران حاصل کردہ کامیابیوں کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے جَن دھن یوجنا کا آغاز کیا، جو ملک میں کروڑوں لوگوں کو بینک کاری کی خدمات فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں 14 کروڑ سے زیادہ گھروں کو نل کے پانی کے کنیکشن فراہم کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ غریب لوگوں کو صحت کی خدمات فراہم کرنے میں آیوشمان بھارت اسکیم کلیدی ثابت ہوئی ہے۔ بہت سے شعبوں میں ملک کی ترقی کی شاندار مثالوں کو پیش کرتے ہوئے، جناب اگروال نے کہا کہ ملک نے 8 فیصد سے زیادہ شرح نمو حاصل کی ہے اور ملک میں لاکھوں روزگار کے مواقع وضع ہوئے ہیں۔

بعد میں راجیہ سبھا میں خصوصی بحث ہوئی، جس میں اراکین نے سرکاری اہمیت کے مختلف معاملات کو اُٹھایا۔ اس کے بعد ایوان کی کارروائی دن بھر کے لیے ملتوی کر دی گئی۔x

## RS NEET-UG

حکومت نے آج وضاحت کی کہ NEET انڈر گریجویٹ امتحان ختم کرنے اور ریاست وار میڈیکل داخلہ جاتی امتحانات بحال کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے۔

میڈیکل کورسیز میں داخلے کے امتحان NEET پر جاری تنازعے کے پس منظر میں حکومت نے یہ وضاحت کی

ہے۔ تعلیم کے وزیر مملکت ڈاکٹر سُکانتا مجمدار نے راجیہ سبھا میں اپنے تحریری جواب میں یہ اطلاع دی۔ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کے نیٹ امتحان کے بارے میں جناب مجمدار نے بتایا کہ اِس سال جون کے مہینے میں ہوا نیٹ امتحان منسوخ کر دیا گیا تھا اور اب یہ طے ہوا کہ نیٹ امتحان 21 اگست سے 4 ستمبر کے دوران کمپیوٹر پر لیا جائے گا۔ x

## RS - CCTNS

آج حکومت نے بتایا کہ ملک بھر میں ابھی تک 17 ہزار پولیس اسٹیشن CCTNS سے منسلک کیے جا چکے ہیں اور وہ جرائم اور مجرمانہ ٹریکنگ نیٹ ورک اور نظاموں CCTNS کا استعمال کر رہے ہیں۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں داخلی امور کے وزیر مملکت Bandi سنجے کمار نے بتایا کہ CCTNS، جرائم اور مجرموں سے تعلق رکھنے والے اعداد و شمار کو اکٹھا کرنے، اُس کی اپڈیشن اور اُس کا تجزیہ کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک کی ریاستی پولیس، مرکزی پولیس کی تنظیموں اور شہریوں کو مختلف سہولیات فراہم کرتا ہے۔×

## RS - Milk Production

بھارت دودھ کی پیداوار میں پہلے درجے پر ہے اور عالمی پیمانے پر دودھ کی 25 فیصد پیداوار بھارت میں ہوتی ہے۔ گزشتہ 9 سالوں سے ملک میں دودھ کی پیداوار تقریباً 6 فیصد ہی سالانہ شرح نمو کے ساتھ بڑھ رہی ہے، جبکہ عالمی پیمانے پر ملک کی پیداوار کی سالانہ شرح نمو 2 اعشاریہ ایک فیصد ہے۔ آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں ماہی گیری، مویشی پروری اور ڈیری کے وزیر راجیو رنجن سنگھ نے بتایا کہ ملک میں دودھ کی خریداری کی قیمت اور فروخت کی قیمتوں کا تعین کوآپریٹیو اور نجی ڈیریوں کے ذریعے کیا جاتا ہے، جو اُن کی دودھ کی لاگت اور اور مارکیٹ کے وسائل پر مبنی ہوتی ہے۔×

## RS - Law and Order in J&K

جموں و کشمیر میں، 2023 کے بعد سے منظّم طور پر پتھراؤ کرنے اور منظّم ہڑتال کا کوئی بھی ایک واقعہ پیش نہیں آیا ہے اور مرکز کے زیر انتظام اس علاقے میں غیر ملکی سیاحوں کی آمد میں ڈھائی گُنا اضافہ ہوا ہے۔ دفعہ 370 کے منسوخ کیے جانے کے بعد جموں و کشمیر میں امن و امان کی مجموعی صورتحال میں نمایاں بہتری ہوئی ہے۔ آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں، داخلی امور کے وزیر مملکت نتیہ نند رائے نے بتایا کہ دفعہ 370 کے منسوخ کیے جانے کے بعد مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں، امن، ترقی اور خوشحالی کا دور آیا ہے۔ گزشتہ 4 سالوں کے دوران اسکول، کالج، یونیورسٹیاں، اسپتال اور دیگر سرکاری ادارے بغیر کسی اسٹرائک یا کسی اور طرح کے خلل کے بغیر، مؤثر طور پر کام کر رہے ہیں۔

امن و قانون کی صورتحال میں بہتری کی وجہ سے 2023 میں جموں و کشمیر میں، 2 کروڑ 11 لاکھ سیاحوں کی آمد ریکارڈ کی گئی ہے۔×

## Rail Safety Vaishnaw

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ریلوے بجٹ کا ایک نمایاں حصہ ریلوے کے تحفظ کو بہتر کرنے کے لیےمختص کیا گیا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ تقریباً 2 لاکھ 62 ہزار کروڑ روپے کے مجموعی بجٹ میں سے، ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم ریلوے کے تحفظ سے متعلق اقدامات کے لیےمختص کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلے 10 سالوں میں 31 ہزار نئے ٹریکس اور 40 ہزار کلو میٹر ریل روٹس کی برق کاری کی گئی ہے۔

SB/ 2100 Ashvini Vaishnaw - RLYS DEVP

ریلوے کے وزیر نے بتایا کہ پنجاب کے لیے 5 ہزار 147 کروڑ روپے کی ریکارڈ بجٹ جاتی رقم مختص کی گئی ہے۔ ×

## Bihar - Paper Leak Bill

بہار میں آج ریاستی اسمبلی نے، سرکاری مقابلہ جاتی امتحانات میں پیپر لِیک کے معاملات، بدعنوانیوں اور بے ضابطگیوں کو ختم کرنے کے لیے ایک انتہائی سخت بل کو منظوری دی ہے۔ آبی وسائل کے وزیر وجے کمار چودھری نے بہار سرکاری امتحان (غیر قانونی عوامل کی روک تھام) کا بل 2024 ایوان میں پیش کیا، جس میں سنگین معاملات میں 3 سے 10 سال کی سزائے قید اور ایک کروڑ روپے تک کے جُرمانے کی تجویز رکھی گئی ہے۔ جناب چودھری نے ایوان میں بتایا کہ حالیہ دنوں میں بہار سمیت ملک میں پیپر لِیک ہونے اور بے ضابطگیوں کے بہت سے واقعات ہوئے ہیں۔ بل میں اُن ملزمان کے اثاثوں کو ضبط کرنے کی گنجائش ہے، جن کو امتحانات منعقد کرنے کی ذمہ داری دی جاتی ہے۔ وہ تمام سرکاری ادارے، جو مقابلہ جاتی امتحانات منعقد کرتے ہیں، اس قانون کے دائرۂ کار میں آئیں گے۔

سوالیہ پرچے افشاں ہونے کے حالیہ واقعات، NEET انڈر گریجویٹ داخلہ جاتی امتحان اور اساتذہ بھرتی امتحانات میں بے ضابطگیوں کے تناظر میں بہار حکومت، بہار پبلک سروس کمیشن بل لائی ہے۔ بل کے التزامات کے مطابق بہار حکومت کی ایجنسیوں کے ذریعے منعقد کئے جانے والے سبھی مقابلہ جاتی امتحانات کا اِس بل میں احاطہ کیا جائے گا۔ بہار پبلک سروس کمیشن، بہار یونیورسٹی سروس کمیشن، بہار اسٹاف سروس کمیشن، بہار ٹیکنیکل سروسیز کمیشن، کانسٹیبل کے تقرر کے مرکزی بورڈ جیسے خود مختار کمیشنوں اور امتحانات کے انعقاد کے اداروں کو اِس بل میں شامل کیا گیا ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے، گجرات، کونکن، گوا اور وسطی مہاراشٹر میں آئندہ 2 دنوں میں انتہائی شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اس کے بعد اِن خطّوں میں آئندہ چند دنوں تک شدید بارش جاری رہے گی۔ ملک کے وسطی حصوں میں بھی اگلے 2 دنوں میں بہت زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے اور اُس کے بعد 3 دنوں میں شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD کے مطابق آج گجرات خطّے میں غیر متوقع طور پر شدید بارش ہوئی، جو 40 سینٹی میٹر سے تجاوز کر گئی۔×

**CAPF-Agniveers**

BSF، CISF، اور RPF سمیت مرکزی مسلح فورسز، سابق اگنی ویروں کو فورسز میں شامل کرنے جا رہی ہیں۔ BSF کے ڈائریکٹر جنرل نتن اگروال نے بتایا ہے کہ سابق اگنی ویروں کو، بارڈر سکیورٹی فورس میں بھرتی کے لیے 10 فیصد ریزرویشن اور عمر میں چھوٹ دی جائے گی۔ CISF کے ڈائریکٹر جنرل نینا سنگھ نے بھی کہا ہے کہ وزارتِ داخلہ کے ذریعے لیے گئے ایک فیصلے کے مطابق، CISF فورس میں اگنی ویروں کو شامل کرنے کے لیے تیار ہے۔ اگنی ویروں کو کانسٹیبل کے عہدے پر 10 فیصدی ریزرویشن اور عمر نیز فزیکل Efficiency ٹیسٹ میں چھوٹ دی جائے گی۔ RPF کے ڈائریکٹر جنرل منوج یادو نے کہا کہ ریلوے پروٹیکشن فورس، عمر میں چھوٹ اور فزیکل Efficiency ٹیسٹ سے استثنیٰ کے ساتھ، اگنی ویروں کا فورس میں خیرمقدم کرنے کے لیے تیار ہے۔x

**India Passport Index**

بھارت، عالمی پاسپورٹ انڈیکس میں بیاسی ویں مقام پر ہے، جس سے بھارتیوں کو انڈونیشیا، ملیشیا اور تھائی لینڈ جیسے مقبول مقامات سمیت 58 ملکوں میں ویزا فری داخلہ ملتا ہے۔ برطانیہ کے Henley پاسپورٹ انڈیکس کی تازہ درجہ بندی کے مطابق بھارت کا پاسپورٹ اب پہلے سے بہتر 82 ویں مقام پر ہے۔ یہ درجہ بندی، بین الاقوامی ایئر ٹرانسپورٹ تنظیم کے اعداد و شمار پر مبنی ہے۔ سنگاپور اِس درجہ بندی میں سرفہرست ہے اور اُس کے شہریوں کو 195 ملکوں میں ویزا فری داخلہ ملتا ہے۔ سنگاپور نے جاپان کی جگہ لی ہے، جو اب اسپین، فرانس، جرمنی اور اٹلی کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ اِن پانچ ملکوں کے پاسپورٹ رکھنے والوں کو 192 ملکوں میں ویزا فری رسائی ملتی ہے۔ x

**Gaza Netanyahu Visit US**

اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کے امریکی کانگریس میں خطاب سے کچھ ہی گھنٹے پہلے اسرائیلی فوج نے غزہ پٹی پر تازہ حملہ کیا ہے۔ مقامی باشندوں کا کہنا ہے کہ اسرائیل کے اِس تازہ ترین حملے میں جنوبی غزہ میں خان یونس کے شمالی علاقے میں کئی گھر تباہ ہوگئے ہیں اور ہزاروں افراد کو پناہ لینے پر مجبور ہونا پڑا۔ غزہ کے صحت حکام نے کہا ہے کہ اسرائیلی حملے میں گزشتہ 24 گھنٹے میں 55 لوگوں کی موت ہوئی ہے۔صحت حکام کے مطابق اس جنگ میں اب تک 39 ہزار فلسطینی شہری ہلاک ہوچکے ہیں۔ اسرائیل کے وزیر اعظم آج امریکی کانگریس سے خطاب کرنے والے ہیں۔ اس کے بعد وہ وہائٹ ہاؤس میں امریکی صدر جوبائیڈن سے ملاقات بھی کریں گے۔
ریپبلکن کے صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ نیتن یاہو سے فلوریڈا میں کل ملاقات کریں گے۔

x

**Rev.Cricket Asia Cup**

خواتین کے ایشیا کپ کرکٹ میں بنگلہ دیش نے ملیشیا کو 114 رنز سے شکست دی۔ بنگلہ دیش کی جانب سے مرشدہ خاتون نے 59 گیندوں پر 80 رن اسکور کیے جبکہ نگار سلطانہ نے 37 گیندوں پر 62 رن بنائے۔ سری لنکا کے Dambulla بین الاقوامی اسٹیڈیم میں، 192 رن کے جیت کے نشانہ حاصل کرنے کے لیے کھیلتے ہوئے، ملیشیا

کی ٹیم 20 اوورس میں 8 وکٹ کے نقصان پر صرف 77 رنز ہی بنا سکی۔

ایک دوسرے میچ میں تھائی لینڈ اور سری لنکا کے درمیان کھیلے گئے میچ میں سری لنکا نے 10 وکٹ سے یہ میچ جیت لیا ہے۔

بھارت اور پاکستان پہلے ہی سیمی فائنلز کے لیے کوالیفائی کر چکے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆